خط کو "خط الفی" کے نام سے موسوم کیا ہے۔ اس نسخہ کی طباعت واشاعت قرآن اکیڈمی، بمبئی کے زیر اہتمام انجام پائی ہے۔ (عربیہ لندن، نومبر ۱۹۸۶ء)

قرآن وسنت کے سائنسی اعجاز پر بین الاقوامی کانفرنس

رابطہ عالم اسلامی اور بین الاقوامی یونیورسٹی، اسلام آباد کے زیر اہتمام قرآن وسنت کے سائنسی اعجاز پر ۱۷۔۲۰ر اکتوبر ۱۹۸۷ء میں اسلام آباد میں ایک بین الاقوامی کانفرنس منعقد ہونے والی ہے۔ قرآن و سنت کے سائنسی اعجاز کو نمایاں کرنا، علماء و دانشوروں کو اس موضوع پر باہمی تبادلۂ خیال کا موقع فراہم کرنا اور نئے موضوعات پر مطالعہ وتحقیق کے سلسلہ میں مختلف ملکوں کے محققین اور دانشوروں میں باہمی ربط کو فروغ دینا اس کانفرنس کے بنیادی اغراض ومقاصد ہیں۔ اس کانفرنس میں اظہار خیال کے لیے خاص خاص موضوع یہ ہیں:۔

۱۔ قرآن وسنت کے سائنسی اعجاز پر مطالعہ وتحقیق کے رہنما اصول۔
۲۔ اسلامی تاریخ میں سائنس کا رول۔
۳۔ سائنس کے تئیں اسلام اور دوسرے مذاہب کا نقطۂ نظر۔
۴۔ مختلف سائنسی علوم میں قرآن وسنت کے معجزانہ پہلو کی وضاحت۔
۵۔ احکام شرعی عقل وحکمت کی روشنی میں۔
۶۔ قرآن وسنت اور کائناتی علوم۔

کانفرنس کے سلسلہ میں مزید معلومات کے لیے ڈاکٹر ضیاء الدین احمد (انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی پوسٹ بکس ۱۲۴۳۔ اسلام آباد، پاکستان) سے رابطہ قائم کیا جاسکتا ہے۔

(امپیکٹ انٹرنیشنل، لندن، ۲۳ر جنوری۔ ۱۲ فروری ۱۹۸۷ء اور دفتر کانفرنس سے جاری کردہ سرکلر)